پروفیسر ساجد میر ایم اے (اسلامیات وانگریزی)

فقہ الحدیث

مسائلِ طہارت

پانی اور اس کے احکام

الحمد للہ ترجمان الحدیث کامیابی سے قبولیت عامہ کے مدارج طے کر رہا ہے اور اس کے بلند پایہ مشمولات ومضامین اہلِ ذوق سے خراجِ تحسین وصول کر رہے ہیں تاہم کچھ عرصہ سے احباب کا تقاضا تھا کہ ترجمان میں روزمرہ عوامی زندگی کی رہنمائی کے لیے براہِ راست کتاب وسنت سے مستنبط فقہی مسائل واحکام جدید ترتیب سے لکھے جائیں۔ چنانچہ اس شمارہ سے یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔ اس کی ترتیب وتدوین میں درج ذیل کتب خصوصیت سے پیشِ نظر ہوں گی ——————

۱۔ قرآن مجید مع تفاسیر ۲۔ صحاح ستہ ۳۔ فقہ السنہ للسید سابق المصری ۴۔ نیل الاوطار للشوکانی رح ۵۔ فتح الباری لابن حجر ۶۔ التلخیص الحبیر لابن حجر ۷۔ احکام الاحکام لابن الاثیر ۸۔ الدرر البہیۃ للشوکانی رح مع شرح الروضۃ الندیہ للنواب صدیق حسن رح ۹۔ المحلی لابن حزم ۱۰۔ المغنی لابن قدامۃ ۱۱۔ بدایۃ المجتہد لابن رشد ۱۲۔ زاد المعاد لابن قیم رح ۱۳۔ مرعاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح للعلامہ عبید اللہ المبارکفوری ۱۴۔ شروح بلوغ المرام للامیر الیمانی رح، والنواب صدیق حسن رح وسید احمد حسن رح ۱۵۔ تحفۃ الاحوذی وعون المعبود شروح جامع ترمذی وسنن ابی داؤد ۱۶۔ حجۃ اللہ البالغۃ ۱۷۔ فتاویٰ نذیریہ رح ۱۸۔ تحفۃ الفقہاء للسمرقندی

طہارت وپاکیزگی تمام عباداتِ شرعیہ کی بنیاد ہے اس لیے عموماً طہارت اور اس کے متعلقات کے بیان ہی سے احکام ومسائل کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے پانی اور اس کی مختلف قسموں کی شرعی حیثیت کو سمجھنا ضروری ہے۔